علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

شعبۂ اردو

# وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ**

1- **اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔**

2- **کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی**

کورس: لغت نویسی کا فن اور اردو میں لغت نویسی روایت (9024) سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: بی ایس اردو

## (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر 1
## (یونٹ 1 تا 4)

کل نمبر 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال۱: اردو لغت نویسی کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا جا سکتا ہے نیز بتائیں کہ لغت میں اندراجات کن اصولوں پر مبنی ہوتے ہیں؟ 20

سوال۲: فارسی لغت نویسی کے ارتقا پر مضمون تحریر کریں۔ 20

سوال۳: عربی لغت نویسی کے ارتقا پر جامع مضمون پیش کریں۔ 20

سوال۴: اردو لغت نویسی کی ابتدا اردو نصاب ناموں سے ہوئی۔ وضاحت کریں۔ 20

سوال۵: 'مستشرق' سے کیا مراد ہے؟ اردو لغت نویسی کے میدان میں جان گلکرسٹ کی خدمات پر روشنی ڈالیں۔ 20

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 6 تا 9)

کل نمبر 100 — کامیابی کے نمبر 50

سوال ۱: فرہنگِ آصفیہ کی ''ب'' کی پٹی کے اندراجات کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ 20

سوال ۲: ''فرہنگ تلفظ'' کی ''الف'' کی پٹی کے پہلے بیس (۲۰) اندراجات اور ان کی تفصیل نقل کریں۔ 20

سوال ۳: تھیسارس اور لغت میں فرق واضح کرتے ہوئے اردو تھیسارس پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ 20

سوال ۴: ''اردو لغت تاریخی اصول پر'' کا تعارف اور مختصر جائزہ پیش کریں۔ 20

سوال ۵: آن لائن لغات اور انسائیکلوپیڈیا کا تفصیلی تعارف پیش کریں نیز اردو میں اس ضمن میں ہونے والے کام کا تعارف پیش کریں۔ 20